# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

**Date : 15 August 2026**

**Time : 12:35 PM**

---

**Opening**

---

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں سید مبشر رفاعی

---

ملکی تقریب

ملک میں آج 80ویں یوم آزادی کی تقریبات جوش وخروش اور پورے حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ منائی جارہی ہیں۔اس تعلق سے ملک بھر میں پرچم کشائی کی پُر تقاریب منعقد ہورہی ہیں۔آج سب سے بڑی تقریب نئی دلی کے لال قلعے پر منعقد ہوئی جہاں وزیر اعظم نریندر مودی نے قومی جھنڈا لہرایا۔لال قلعے پہنچنے پر وزیر اعظم کو فوج کی تینوں شاخوں کی طرف سے گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔

پی ایم خطاب

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پچھلے 12 برسوں کے دوران ملک کے کروڑوں شہریوں کی محنت اور لگن سے بھارت ترقی کی نئی بلندیوں کو چھو رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ان کاوشوں کی بدلت 25 کروڑ لوگوں کو غربت کے دائرے سے باہر لایا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارت نے دنیا کی تیزی سے ابھرنے والی معیشتوں کی فہرست میں اپنا مقام حاصل کیا ہے۔ آج 80ویں یوم آزادی کے موقعے پر تاریخی لال قلعے کی فصیل سے قوم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت نے 2047 تک وکست بھارت کا ہدف حاصل کرنے کا تہیہ کیا ہے۔

------V/o-------------

سی ایم تقریب

ادھر جموں کشمیر میں بھی یوم آزادی کی تقریبات پورے جوش و جزبے کے ساتھ منائی جارہی ہیں ۔ یوٹی سطح کی سب سے بڑی تقریب بخشی اسٹیڈیم سرینگر میں منعقد ہوئی جہاں وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے پریڈ کا معائینہ کیا، قومی پرچم پھیرایا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی ۔ اس کے بعد اپنے خطاب میں وزیراعلیٰ نے ملک کی جدو جہد آزادی میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کو خراج عقیدت ادا کیا۔ انہوں نے جمہوریت اور وفاقیت کو ملک کی دو بڑی طاقتیں قرار دیتے ہوئے ان کو تقویت بخشنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت جموں کشمیر کو ترقی کی بلندیوں تک لے جانے اور اس کا ریاستی درجہ بحال کرنے کی وعدہ بند ہے

-------(CM)-----------

اس موقعہ پر رنگا رنگ تمدنی پروگرام بھی پیش کئے گئے ۔

-----------( کلچرل پروگرام )-------

اس سے پہلے آج صبح وزیراعلیٰ نے سرینگر میں بلیدان ستمب پر گلباری کی

JK تقاریب

اسی طرح کی تقاریب جموں اور دیگر ضلع و تحصیل صدر مقامات پر بھی منعقد ہوئیں، جن میں مہمانان خصوصی نے قومی جھنڈا پھیرایا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی ۔ مختلف اضلاع میں موجود ہمارے نمائندوں نے خبر دی ہے کہ ان تقاریب میں جموں کشمیر پولیس، نیم فوجی دستوں، فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز، این سی سی کی ٹکڑیوں اور مختلف سکولوں طلبا نے شرکت کی ۔ علاوہ ازیں اس موقعہ پر کافی تعداد میں عام لوگ بھی موجود تھے ۔

لوک بھون

لوک بھون سرینگر میں بھی جشن آزادی کے سلسلے میں ایک تقریب منعقد ہوئی ۔ اس موقعہ پر لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے وہاں ترنگا پھیرایا ۔ انہوں نے ملک کی آزادی کی جدو جہد میں اپنی جانیں نچھاور کرنے والوں کو خراج عقیدت پیش کیا ۔ لیفٹننٹ گورنر نے کہا کہ جموں کشمیر میں دائمی امن کے قیام اور ترقی و خوشحالی کو یقینی بنانے کیلئے ہر کسی کو اپنا کردار ادا کرنا چاہئے ۔ تقریب میں لوک بھون میں تعینات سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں اور دیگر عملے نے بھی شرکت کی ۔

آ کاشوانی تقریب

آکاشوانی سرینگر کے احاطے میں بھی یوم آزادی کی تقریبات کے تحت قومی ترنگا پھیرانے کی تقریب منعقد ہوئی ۔اس موقعہ پر سٹیشن کے سربراہ گربند رسنگھ نے قومی جھنڈا پھیرا کر سلامی لی ۔تقریب پر  نیم فوجی دستوں کی ٹکڑی اور سٹیشن کے سبھی افسروں اور دیگر ملازمین نے بھی شرکت کی ۔

ملاقات

پلوامہ کے سابق میونسپل کونسلر اور بی جے پی یوتھ جنرل سیکریٹری پلوامہ عرفات خان نے لوک بھون سرینگر میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔ان کے ہمراہ سابق ضلع صدر بی جے پی پلوامہ محمد لطیف بٹ بھی تھے ۔اسی دوران نذیر احمد گنائی کی قیادت میں اننت ناگ کے ایک بی جے پی وفد نے بھی ایل جی سے ملاقات کی جس دوران انہوں نے عوامی نوعیت کے کئی معاملات ان کی نوٹس میں لائے ۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ